- آرڈیننسز کی تیسری بڑی تعداد (7) دیوانی اور فوجداری قوانین سے متعلق تھی: ان میں سے 4 آرڈیننسز ضابطہ فوجداری میں ترامیم، ایک عائلی عدالتوں کے قوانین میں ترامیم، ایک چھوٹے مقدمات اور خفیف جرائم کیلئے عدالتوں کے قیام اور ایک مجرموں کے سزا کی عبوری مدت سے متعلق تھا۔

- باقی قوانین میں سے 3 آرڈیننسز عوامی نمائندگی کے ایکٹ 1976 میں ترامیم سے متعلق تھے، ایک انتخابی فہرستوں کے بارے میں، ایک سینٹ کے انتخابات کے بارے میں اور ایک دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق تھا؛ 5 تعلیمی معاملات اور اداروں اور تین صحت کے شعبہ سے متعلق تھے؛ 3 قانونی اور عدالتی معاملات سے متعلق، 3 مسلح افواج اور دفاع کے بارے میں اور 3 دہشت گردی اور امن و امان کے بارے میں تھے؛ 3 آرڈیننسز لیبر قوانین اور ملازمین کی پنشن کے بارے میں اور 3 میڈیا کی پالیسی سے متعلق تھے؛ 2 کا تعلق مقامی حکومت کے حوالے سے زکوۃ وعشر کے انتظام اور تقسیم سے تھا، ایک کا تعلق اقلیتوں کی مذہبی جائیدادوں کے تحفظ سے تھا جبکہ ایک آرڈیننس 'قومی کمیشن برائے انسانی ترقی' کی تشکیل اور ایک انسانی تجارت کی روک تھام اور کنٹرول کے بارے میں تھا۔ باقی آرڈیننسز متفرق موضوعات کے بارے میں تھے۔

- کل آرڈرز میں سے سب سے زیادہ (22) آرڈرز حکومتی انتظام سے متعلق تھے؛ ان میں سے 8 آرڈرز عام انتخابات 2002 کے انعقاد؛ 3 آئین میں تبدیلیوں بشمول لیگل فریم ورک آرڈر اور نیشنل سیکورٹی کونسل (ترمیمی) آرڈر، سے متعلق تھے؛ 3 سیاسی جماعتوں کے قیام، ضابطوں اور انکے داخلی انتخابات؛ 2 الیکشن کمیشن کے اختیارات اور فرائض؛ 2 (صدارتی) ریفرنڈم اور 2 قانون ساز اداروں کے ضابطوں سے متعلق تھے جبکہ ایک قبائلی علاقہ جات (فاٹا) میں بلدیاتی انتخابات منعقد کرانے کے بارے میں تھا۔

- آرڈرز میں دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ (7) آرڈرز گورنروں، وفاقی اور صوبائی وزراء کی تقرری، حلف، تنخواہوں کے بارے میں تھے۔ ان میں سرکاری منصب سنبھالنے کی اہلیت کا آرڈر بھی شامل تھا۔ باقی آرڈرز میں 3 اعلٰی عدالتوں کے ججوں کی تنخواہوں، الاؤنسز اور مراعات سے متعلق تھے؛ 2 پولیس اصلاحات، 2 قومی کشمیر کمیٹی، ایک محصولات/آمدن میں صوبوں کے حصے سے متعلق اور ایک آغا خان یونیورسٹی کے بارے میں تھا۔ ان آرڈیننسز اور آرڈرز کے علاوہ صدرِ مملکت نے دو ریگولیشنز بھی جاری کیے (دونوں کا تعلق فاٹا سے تھا؛ ان میں سے ایک فاٹا میں مقامی حکومت کے انتخابات اور دوسرا لازمی پرائمری تعلیم کے بارے میں تھا)۔

## قانون سازی کا عمل

فوجی حکومت کے گذشتہ دوبرسوں کی طرح اس برس بھی قانون سازی آرڈیننسز اور آرڈرز کے ذریعے ہوئی کیونکہ ملک میں قانون ساز ادارے موجود نہیں تھے۔ یوں قانون سازی کا یہ عمل وسیع تر عوامی شمولیت اور اہم معاملات پر بحث سے عاری رہا، سوائے چند مواقع کے، جب چیف ایگزیکٹو نے معاشرے کے مختلف طبقات سے منتخب کردہ افراد کو بلایا اور انکی رائے سُنی۔ 'پائیدار جمہوریت کے قیام' کے مجوزہ آئینی پیکج کے حوالے سے حکومت نے کم متنازعہِ نکات کے بارے میں اپنا موقف ترک بھی کیا، تاہم، چند دوسری آئینی ترامیم کے بارے میں جنکی معاشرے کے مختلف طبقات نے سخت مخالفت کی تھی، حکومت کا رویہ قطعی بے لچک رہا اور ان آئینی ترامیم کو بعدازں لیگل فریم ورک آرڈر میں شامل کرلیا گیا۔

اسکے علاوہ عام انتخابات کے بعد جب عوامی نمائندوں کو اختیارات کی منتقلی سامنے نظر آ رہی تھی، حکومت نے انتہائی مختصر عرصے میں بڑی سُرعت کے ساتھ مزید ستر (70) قوانین جاری کیے، جن میں 62 آرڈیننسز اور 8 آرڈرز شامل تھے۔ یہ سارے قوانین 10 اکتوبر 2002 (جب عام انتخابات منعقد ہوئے) اور 16 نومبر 2002 (جب نئے منتخب اراکین قومی اسمبلی کے ساتھ ساتھ جنرل پرویز مشرف نے بھی آئندہ پانچ سال کیلئے عہدے کا حلف اٹھایا) کے درمیان جاری کیے گئے۔ یوں اسطرح 13 مہینوں میں 194 (124+70) کی ریکارڈ تعداد میں قوانین جاری کیے گئے، جسکی مثال پاکستان کی قانون سازی کی تاریخ میں اس سے پہلے نہیں ملتی۔

### تین برسوں کے دوران فوجی حکومت کی قانون سازی
### ایک نظر میں موازنہ

| قوانین | پہلا سال<br>12 اکتوبر 1999-<br>11 اکتوبر 2000 | دوسرا سال<br>12 اکتوبر 2000-<br>11 اکتوبر 2001 | تیسرا سال<br>12 اکتوبر 2001-<br>09 اکتوبر 2002 | عبوری مدت<br>(ایک مہینہ 6 دن)<br>10 اکتوبر 2002-16 نومبر 2002 | کل |
|---|---|---|---|---|---|
| آرڈیننسز | 62 | 64 | 85 | 62 | 273 |
| آرڈرز | 18 | 18 | 36 | 08 | 80 |
| ریگولیشنز | 02 | - | 02 | - | 04 |
| اعلانات | 01 | - | 01 | - | 02 |
| کل | 83* | 82* | 124 | 70 | 359 |

(* حوالے کیلئے، قانون پر نظر کا شمارہ نمبر 13 اور 14 اور شمارہ نمبر 17 دیکھیں)

گذشتہ تین برسوں کے دوران قانون سازی کی سرگرمی کے تقابلی جائزے پر ایک فوری نظر (دائیں طرف چارٹ) ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ فوجی حکومت کے پہلے اور دوسرے سال کے دوران قوانین کی تعداد (83 اور 82) تقریباً یکساں رہی تاہم گذشتہ سال میں (124) اور بالخصوص 10 اکتوبر اور 16 اکتوبر 2002 کی درمیانی انتہائی مختصر عبوری مدت (70) کے دوران ان کی تعداد میں زبردست اضافہ ہوا۔

قانون سازی پر نظر عورت پبلیکیشن اینڈ انفارمیشن سروس فاؤنڈیشن کے اسلام آباد دفتر کے **لیجسلیٹو واچ یونٹ** نے تیار کیا ہے۔
ڈیزائن اور ترتیب: عورت فاؤنڈیشن کی ریسورس سروس اور دستاویزی مرکز ڈوکومینٹیشن اینڈ ریسورس سنٹر
ہم آپ کے خطوط، تجاویز اور تحریروں کے منتظر رہیں گے۔
رابطہ کیلئے: مکان نمبر 16، سٹریٹ نمبر 67، G-6/4، اسلام آباد
فون: 2277547-2277512(051) فیکس: 2822060(051)
ای میل: afrs@mail.comsats.net.pk
چھپائی میں معاونت: NORAD

# دیگر اہم سیاسی اور آئینی اقدامات

**لیگل فریم ورک آرڈر 2002:** چیف ایگزیکٹو نے 21اگست 2002 کو لیگل فریم ورک آرڈر (ایل ایف او) جاری کیا جسکے تحت آئین کی 29 شقوں میں تبدیلیاں لائی گئیں۔ان میں سے کچھ تبدیلیاں تو مثبت تھیں مثلاً مخلوط طرزِ انتخاب کی بحالی کے ساتھ ساتھ قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں غیر مسلموں کیلئے مخصوص نشستیں مختص کرنا؛ ووٹ ڈالنے کی کم از کم عمر 21 سال سے گھٹا کر 18 سال کرنا؛ قانون سازاداروں (قومی و صوبائی اسمبلیوں اور سینٹ) کے اراکین کی تعداد میں اضافہ؛ اور قومی وصوبائی اسمبلیوں کے ساتھ ساتھ سینٹ (پہلی بار) میں بھی عورتوں کیلئے مخصوص نشستوں کی بحالی اور اضافہ۔لیکن اس آرڈر میں چند انتہائی متنازعہ شقیں بھی شامل تھیں مثلاً صدر کو قومی اسمبلی اور گورنروں کو صوبائی اسمبلیاں توڑنے کا صوابدیدی اختیار؛ نیشنل سیکورٹی کا قیام جسکی رکنیت صدر، وزیرِاعظم، چیئرمین سینٹ، سپیکر قومی اسمبلی، قومی اسمبلی میں قائد حزبِ اختلاف، چاروں وزراء اعلیٰ، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کے ساتھ ساتھ مسلح افواج کے تینوں سربراہان، اس کے علاوہ اس آرڈر کے ذریعے مشرف حکومت کے تمام قوانین اور احکامات بشمول جنرل مشرف کی صدارتی مدت میں پانچ سالہ توسیع کو قانونی تحفظ بھی دے دیا گیا۔
لیگل فریم ورک آرڈر کے ذریعے (اراکین کی) نااہلی اور 'سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے سے متعلق دفعات میں بھی کئی تبدیلیاں کی گئیں، تاہم اس سلسلے میں پارٹی تبدیل کرنے والی دفعہ کو عام انتخابات کے بعد نومبر میں آئین کی بحالی کے باوجودکافی عرصے تک معطل رکھا گیا۔ پولنگ سے صرف چند گھنٹے پہلے لیگل فریم ورک آرڈر میں مزید ترمیم کر کے اعلیٰ عدالتوں کے ججوں کی ریٹائرمنٹ کی عمر میں تین سال کا اضافہ کر دیا گیا، اور اسی آرڈر میں ایک اور ترمیم کے ذریعے آزاد منتخب اراکین کو اجازت دی گئی کہ وہ انتخابی نتائج کے اعلان کے بعد تین روز کے اندر کسی بھی سیاسی پارٹی میں شامل ہو سکتے ہیں۔




تمام بڑی سیاسی جماعتوں، وکلاء برادری، میڈیا اور سول سوسائٹی کی تنظیموں نے ایل ایف او کی اس بنیاد پر شدید مخالفت کی کہ آئین میں ترمیم کا حق صرف پارلیمنٹ کو حاصل ہے۔ تاہم جب لیگل فریم ورک آرڈر کو چیلنج کیا گیا تو سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا کہ اس مسئلے کے جائزے کیلئے قومی اسمبلی ہی موزوں ادارہ ہے۔ ایل ایف او ابھی تک ایک اہم متنازعہ سیاسی مسئلے کے طور پر موجود ہے۔

**ریفرنڈم آرڈر، 2002:** 30 اپریل 2002 کو ہونے والے ریفرنڈم کے ذریعے، جس میں فوجی حکومت کی پالیسیوں کو جاری رکھنے کے بارے میں عوام سے 'ہاں' یا 'ناں' میں جواب مانگا گیا تھا، جنرل پرویز مشرف پانچ سال کی مدت کیلئے ملک کے صدر منتخب ہوئے۔اس ریفرنڈم کو کامیاب بنانے کیلئے حکومت نے زبردست مہم چلائی۔فوجی حکومت کے دعوے کے مطابق ڈالے گئے ووٹوں کا تناسب 56% تھا جس میں سے 97.47% ووٹ جنرل مشرف کے حق میں تھے، تاہم آزاد قومی اور بین الاقوامی مبصرین اور میڈیا نے اس سارے عمل کو ''جعلی'' اور ڈالے گئے ووٹوں کے تناسب کو'' انتہائی کم'' قرار دیا۔ ریفرنڈم کے ذریعے صدر کے اس انتخاب کے خلاف ہائی کورٹس میں متعدد درخواستیں دائر کی گئیں جنہیں بالآخر سپریم کورٹ نے ''قبل از وقت'' قرار دے کر خارج کر دیا۔

**پولیٹکل پارٹیز آرڈر، 2002:** جون 2002 میں جاری کئے جانے والے اس آرڈر کے ذریعے 1962 کے پولیٹکل پارٹیز ایکٹ کو منسوخ کر دیا گیا اور سیاسی جماعتوں کی کارکردگی کے ساتھ ساتھ انکی تشکیل، رکنیت، اندرونی انتخابات، اندراج، فنڈز اور تحلیل کے حوالے سے نئے قواعد و ضوابط جاری کئے گئے۔ اس قانون کے تحت اُن سیاسی جماعتوں کو انتخابات میں حصہ لینے سے روک دیا گیا جنکے سربراہ کسی عدالت کی طرف سے سزا یافتہ تھے۔ اس اقدام کو اپوزیشن کے اہم رہنماؤں کو انتخابات سے باہر رکھنے کی کوشش کے مترادف سمجھا گیا۔(چونکہ محترمہ بے نظیر بھٹو متعدد عدالتی فیصلوں میں مفرور قرار دی جاچکی تھیں)۔ چنانچہ پاکستان، پیپلز پارٹی نے خود کو انتخابات سے دور رکھنے کی کسی کوشش سے بچاؤ کی خاطر اگست 2002 میں مخدوم امین فہیم کی سربراہی میں پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیریز (PPPP) کے نام سے ایک نئی جماعت قائم کی۔اسی طرح پاکستان مسلم لیگ (ن) نے پارٹی قیادت تبدیل کرتے ہوئے نواز شریف کی بجائے شہباز شریف کو قائد مقرر کر دیا۔

**سرکاری مناصب سنبھالنے کیلئے اہلیت کا قانون، 2002:** یہ آرڈر جون 2002 میں جاری کیا گیا جسکی رو سے دو مرتبہ وزارتِ عظمیٰ اور وزارتِ اعلیٰ کے عہدے پر فائز رہنے والے کسی بھی شخص کو تیسری مرتبہ وہی منصب سنبھالنے کی ممانعت کر دی گئی۔ حزبِ اختلاف کی سیاسی جماعتوں بالخصوص پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی نظر میں یہ قانون بے نظیر بھٹو اور نواز شریف کو اقتدار سے باہر رکھنے کی ایک واضح کوشش تھی۔

**پولیس آرڈر، 2002:** یہ اہم نیا قانون اگست 2002 میں پولیس کی اصلاح، تعمیرِ نو اور اسکی کارگزاری کو منظم کرنے کیلئے جاری کیا گیا۔اس میں پولیس کی کارکردگی بہتر کرنے اور پولیس کے عملے پر نظر رکھنے کی خاطر متعدد ادارہ جاتی ضابطے متعارف کرانے کے علاوہ قومی، صوبائی اور ضلعی سطح پر پبلک سیفٹی کمیشن قائم کئے گئے جنکے ذریعے منتخب نمائندوں اور شہریوں کو پالیسی امور میں مداخلت کی غرض سے برابر کی نمائندگی اور کچھ اختیارات بھی دیئے گئے۔ان کمیشنوں میں عورتوں کو ایک تہائی نمائندگی کا حق حاصل ہے۔اس قانون کے ذریعے 1861ء کے پولیس ایکٹ کو منسوخ کر دیا گیا تاہم اسکی متعدد دفعات نئے قانون میں شامل کر لی گئیں۔

**ہتکِ عزت آرڈیننس، 2002:** یہ آرڈیننس جس میں بالخصوص ذرائع ابلاغ کو ہدف بنایا گیا، ایسے غلط اقدام یا جھوٹے بیان کی اشاعت و ترسیل (زبانی، تحریری یا بصری) کو ہتکِ عزت قرار دیتا ہے جس سے کسی کی ساکھ کو نقصان پہنچتا ہو۔ ہتکِ عزت کی سزاؤں میں معافی (اگر قبول ہوجائے) اور کم از کم پچاس ہزار روپے ہرجانہ یا تین مہینے قید کے علاوہ کسی مخصوص اضافی نقصان کی تلافی بھی شامل ہیں۔ اخباری مالکان، ایڈیٹرز اور صحافیوں کی نمائندہ قومی تنظیموں نے اس قانون پر اپنے شدید تحفظات ظاہر کئے اس بنیاد پر کہ یہ میڈیا اور صحافیوں پر'' دباؤ ڈالنے، اثر انداز ہونے اور انہیں انتقامی کاروائیوں کا نشانہ بنانے'' کیلئے استعمال ہوسکتا ہے، خصوصاً ایسے حالات میں جب انہیں معلومات تک آسان رسائی حاصل نہیں ہوتی۔

**انسدادِ دہشت گردی (ترمیمی) آرڈیننس، 2002:** جنوری 2002 میں جاری کئے گئے اس آرڈیننس نے 1997 کے انسداد دہشت گردی کے ایکٹ کے تحت قائم ہونیوالی 'خصوصی عدالتوں' کو اِنسدادِ دہشت گردی کی عدالتوں' کی حیثیت دے دی؛ اِن عدالتوں میں بنچ پر عدلیہ کے ارکان کے ساتھ ساتھ فوجی افسر بھی شامل کر دیئے گئے؛ اور ملزموں کو پولیس کے علاوہ 'تفتیشی اداروں' کی تحویل میں رکھنے کی اجازت بھی دے دی۔ وکلاء نے ملک گیر سطح پر ان عدالتوں میں فوجی افسروں کی شمولیت پر سخت احتجاج کیا۔ جب حکومت نے تین تین ارکان پر مشتمل انسدادِ دہشت گردی کی پندرہ عدالتیں قائم کیں اور ہر بنچ پر ایک فوجی افسر بھی ڈال دیا تو چیف جسٹس کمیٹی نے بھی اس اقدام پر بالواسطہ طور پر اپنی نارضامندی کا اظہار کیا۔ اس اقدام کو لاہور اور سندھ ہائی کورٹ میں بھی چیلنج کیا گیا اور لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی طرف سے دائر کی گئی ایک درخواست پر لاہور ہائی کورٹ نے وفاقی سیکرٹری قانون کو آرڈیننس پر عملدرآمد سے روک دیا، جسکے نتیجے میں حکومت نے اس کا نوٹیفکیشن روک دیا۔اسکے بعد سے حکومت نے بعض موقعوں پر انسدادِ دہشت گردی کی عدالتیں قائم کیں جن میں سے کچھ فوجی افسران کے ساتھ تھیں اور کچھ اُنکے بغیر۔

**بی اے کی شرط:** جون میں جاری ہونے والے عام انتخابات کے انعقاد کے (ترمیمی) آرڈر، 2002، کی رُو سے پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کے اراکین کیلئے بی اے کی شرط لازمی قرار دے دی گئی۔ سیاسی جماعتوں اور خود عوام کی رائے اس مسئلے پر بٹی ہوئی تھی۔ اس اقدام نے ملک بھر میں ایک طویل بحث اور تنازعہ کو جنم دیا۔بالآخر سپریم کورٹ کے ایک فل بنچ نے اس قانون کے خلاف دائر کی گئیں پانچ درخواستوں کی سماعت کے بعد بی اے کی شرط کے حق میں فیصلہ دیا۔

**عام انتخابات، 2002:** عام انتخابات 10 اکتوبر 2002 کو منعقد کرائے گئے۔ جیسا کہ توقع کی جارہی تھی کوئی ایک سیاسی جماعت وفاقی سطح پر سادہ اکثریت حاصل نہ کرسکی۔ تین سیاسی جماعتیں، مسلم لیگ (ق)، پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیریز اور متحدہ مجلس عمل قومی اسمبلی میں تین بڑے گروپوں کے طور پر سامنے آئیں۔ان ملے جلے نتائج اور اُنکے نتیجے میں ہونے والے مذاکرات اور جوڑ توڑ کے باعث مرکز میں حکومت بنانے میں بے انتہا تاخیر ہوئی۔ بالآخر 16 نومبر کو پاکستان مسلم لیگ (ق) کے امیدوار میر ظفر اللہ خان جمالی صرف ایک ووٹ کی سبقت سے وزیرِاعظم منتخب ہوئے اور یہ بھی صرف پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیریز کے دس ارکان کی حمایت سے ممکن ہوا جنہوں نے سیاسی وفاداریاں تبدیل کرتے ہوئے ایک فارورڈ بلاک (پیٹریاٹ) بنا لیا تھا۔اسکے فوراً بعد مسلم لیگ (ق) اور متحدہ مجلس عمل نے، جنہیں بالترتیب پنجاب اور سرحد میں واضح اکثریت حاصل تھی، ان صوبوں میں حکومتیں تشکیل دیں، جبکہ بلوچستان میں متحدہ مجلس عمل، مسلم لیگ (ق) اور گرینڈ نیشنل الائینس نے مل کر مخلوط حکومت قائم کی۔تاہم سندھ میں جہاں پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیریز سب سے بڑے سیاسی گروپ کے طور پر اُبھری تھی، حکومت بنانے کا عمل سیاسی اکھاڑ پچھاڑ اور مزید تاخیر کا شکار ہوا۔ آخر کار انتخابات مکمل ہونے کے دو مہینے سے زیادہ عرصہ گذر جانے کے بعد 18 دسمبر کو مسلم لیگ (ق) اور اسکی حلیف جماعتوں نے ایم کیو ایم کی حمایت سے سندھ میں حکومت تشکیل دی۔ اسی طرح سینٹ کے انتخابات بھی عام انتخابات کے ساڑھے چار مہینے گزر جانے کے بعد 24اور 27 فروری 2003 کو منعقد کرائے گئے۔

**آئین کی بحالی:** آئین 16 نومبر 2002 کو جزوی طور پر بحال کر دیا گیا، جس دن منتخب اراکین قومی اسمبلی نے حلف لیا۔ تاہم پارٹی تبدیل کرنے اور آئین میں ترمیم کے پارلیمانی حق سے متعلق دفعات کو معطل رکھا گیا اور یہ دفعات 12 مارچ 2003 میں بحال ہوئیں۔

**مذہبی انتہا پسندی پر کریک ڈاؤن:** ملک بھر میں ہزاروں پاکستانیوں اور غیر ملکیوں کو القاعدہ اور کالعدم قرار دیئے گئے مسلح انتہا پسند گروپوں سے تعلق کے شبے میں حراست میں لیا گیا۔ ان میں سے زیادہ تر کو خفیہ ایجنسیوں نے کسی باقاعدہ الزام کے بغیر پکڑا۔ اس سلسلے میں یہ الزام بھی لگایا گیا کہ اس غیر قانونی پکڑ دھکڑ کے کچھ واقعات میں امریکی خفیہ ادارہ ایف بی آئی بھی شامل تھی۔ ان زیرِ حراست لوگوں میں سے زیادہ تر کو سال کے آخر تک چھوڑ دیا گیا تاہم متعدد عرب اور کم از کم دو پاکستانی شہریوں کو امریکہ کے حوالے کر دیا گیا۔

**این جی اوز کے خلاف تشدد:** غیر سرکاری تنظیموں کو سال بھر مذہبی انتہا پسند گروپوں کی جانب سے دھمکیوں کا سامنا رہا، خصوصاً صوبہ سرحد میں۔اس صوبے کے مختلف علاقوں میں ترقی، تعلیم اور عورتوں کے حقوق کیلئے کام کرنے والی متعدد این جی اوز نے مقامی مذہبی گروپوں کی جانب سے انھیں ہراساں کرنے اور جانی نقصان پہنچانے کی دھمکیوں کی شکایت بھی کی۔ 25 ستمبر کو کراچی میں ایک این جی او کے سات مسیحی کارکنوں کا قتل اب تک کسی این جی او کے خلاف ہونے والا بدترین حملہ تھا۔

**این جی اوز سے متعلق مجوزہ قانون سازی:** سابقہ سویلین حکومتوں کی طرح فوجی حکومت نے بھی غیر سرکاری تنظیموں سے متعلق قانون سازی کا عمل شروع کیا۔ سول سوسائٹی کی تنظیموں نے اس حوالے سے گہرے تحفظات کا اظہار کیا اور اُسے اپنی آزادی اور خودمختاری کو سلب کرنے کی ایک نئی کوشش قرار دیا۔تاہم فوجی حکومت کے اقتدار کے خاتمے تک حکومت نے اس بارے میں کوئی حتمی قانون منظور نہیں کیا تھا۔

## اہم امور جن پر توجہ نہیں دی گئی

حکومت نے عورتوں سے متعلق کئی اہم قانونی امور کو نظر انداز کرنے کا سلسلہ جاری رکھا۔

- 1979 کے حدود آرڈیننسز کو جو کہ عورتوں کے ضمن میں انتہائی ہتک آمیز سمجھے جاتے ہیں، چھوا تک نہیں گیا، اس حقیقت کے باوجود کہ زعفران بی بی کے مقدمے میں 'سنگسار تا مرگ' کی سزا کے بعد (تفصیل بعد میں درج ہے) پورے ملک میں احتجاج کی ایک شدید لہر نے جنم لیا تھا۔
- حکومت نے عورتوں کو 'غیرت' کے نام پر قتل کرنے والے مجرموں کو موثر سزا دینے کے لئے قانون میں اصلاح کیلئے کچھ نہ کیا، باوجود اس کے کہ اُس نے اپنے اقتدار کے پہلے سال کے دوران اس سلسلے میں سرکاری سطح پر بہت سی اہم یقین دہانیاں کرائی تھیں۔ اور اگرچہ اس نے مبینہ طور پر ایک ہدایت نامہ بھی جاری کیا کہ 'کاروکاری' کے واقعات میں ہونے والے قتل کو دانستہ قتل تصور کیا جائے اور اس سلسلے میں کوئی نرمی نہ برتی جائے، یہ اقدام قطعی طور پر غیر موثر ثابت ہوا کیونکہ غیرت کے نام پر قتل کے واقعات میں اضافہ تیزی سے جاری رہا اور مجرم پہلے کی طرح معمولی سزاؤں کے ساتھ یا بغیر سزا کے بچتے رہے۔
- گھریلو تشدد پر قانون کی منظوری اگرچہ حکومت کے فیملی پروٹیکشن پراجیکٹ کا ایک حصہ تھا اور اس سلسلے میں قانون تیار کرنے کیلئے ابتدائی طور پر کچھ کام بھی کیا گیا تھا، بعد ازاں اس معاملے کو بیچ میں چھوڑ دیا گیا۔
- اور آخر میں یہ کہ اگرچہ حکومت نے عورتوں کے حقوق پر کام کرنے والی تنظیموں سے 1997 کی انکوائری کمیشن برائے خواتین کی رپورٹ کی بنیاد پر مسلم عائلی قوانین میں اصلاح کیلئے متبادل قانونی مسودات تیار کرنے کی درخواست کی تھی اور اس نے خود بھی اس عمل میں شرکت کی تھی، وہ اِن مسودات کی بنیاد پر قوانین بنوانے میں ناکام رہی۔ ان مسودات کے بہت سے حصوں پر، بالخصوص جنکا تعلق 'شادی کی اجازت' اور 'طلاق شدہ عورتوں کے معاشی حقوق' سے تھا، اسلامی نظریاتی کونسل، وزارت برائے مذہبی امور اور خود وزارت برائے ترقیِ خواتین نے اعتراضات کئے!

## پالیسی برائے اختیارِ خواتین:

مارچ 2002 میں وزارت برائے ترقیِ خواتین نے ''قومی پالیسی برائے ترقی و اختیاراتِ خواتین'' جاری کی جسکا عورتوں کے حقوق پر کام کرنے والی تنظیمیں ایک عرصے سے مطالبہ کر رہی تھیں۔ یہ ایک نسبتاً جامع پالیسی دستاویز ہے جسے عورتوں کی ترقی کے امور کی ماہرین کی مدد سے تیار کیا گیا اور یہ عورتوں کی معاشرتی، معاشی اور سیاسی بااختیاری سے متعلق بہت سے شعبہ جات کا احاطہ کرتی ہے، تاہم یہ مسودہ تیار کرنے والی کمیٹی کے اصل مسودے سے اس لحاظ سے مختلف ہے کہ یہ: (i) امتیازی قوانین کی نشاندہی ایک مسئلے کے طور پر بھی نہیں کرتی ہے بلکہ اس میں صرف یہ کہا گیا ہے کہ 'عورتوں کے خلاف امتیازات کو قانونی اصلاحات کے ذریعے دور کیا جائے گا'؛ (ii) 'غیرت' کے نام پر قتل کو صرف قتل قرار دینے پر اکتفا کرتی ہے اور اس سلسلے میں قانون میں کسی تبدیلی کے لئے اس میں کوئی یقین دہانی موجود نہیں ہے اور؛ (iii) خود اپنی وزارت کی ایک قومی مشاورت کی سفارشات کے باوجود جو اس نے براہ راست انتخابات کے ذریعے عورتوں کی 33% سیاسی نمائندگی کیلئے دی تھیں، کوئی یقین دہانی نہیں کراتی ہے۔

## قومی کمیشن برائے خواتین کی سفارشات

- قومی کمیشن برائے خواتین نے، جو ستمبر 2000 میں ایک مستقل دستوری ادارے کی حیثیت سے قائم کیا گیا تھا، 2002 میں اپنی پہلی سالانہ رپورٹ جاری کی۔ دیگر امور کے علاوہ اس میں سفارش کی گئی کہ شہریت کے قانون میں امتیاز ختم کیا جائے یعنی پاکستانی عورتوں کے غیر ملکی شوہروں کو بھی شہریت کا حق دیا جائے جیسا کہ پاکستانی مردوں کی غیر ملکی بیویوں کو یہ حق پہلے ہی حاصل ہے۔ رپورٹ میں کمیشن کو مضبوط بنانے کیلئے بھی کئی سفارشات کی گئیں، مثلاً اسکی خود مختاری کو یقینی بنانا؛ اسکے مینڈیٹ اور اختیارات میں اضافہ؛ اور اسکے اراکین کے چناؤ کے عمل کو بہتر بنانا۔ اسکے مستقبل کے منصوبوں میں حدود آرڈیننسز، عائلی قوانین اور گھریلو تشدد کے معاملات کا جائزہ لینا شامل ہے۔
- 2002 کے دوران، قومی کمیشن برائے خواتین نے حکومتی ارکان، سابقہ اراکین پارلیمنٹ، خواتین سیاستدانوں اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے ساتھ قانون ساز اداروں میں عورتوں کی نمائندگی کے مسئلے پر ایک قومی مشاورت منعقد کی، جس میں براہِ راست انتخابات کے ذریعے عورتوں کے لئے 33% سیاسی نمائندگی کے مطالبے کی توثیق کی گئی۔ اس نے ایک خصوصی کمیٹی بھی تشکیل دی، جو آئینی ماہرین، وکلاء، علمائے دین اور کمیشن کے کچھ اراکین پر مشتمل تھی تاکہ حدود آرڈیننسز کا جائزہ لیا جاسکے اور اسکی تنسیخ یا اصلاح کے سلسلے میں سفارشات پیش کی جاسکیں۔

## مزید متعلقہ تبدیلیاں

### حدود آرڈیننسز کے حوالے سے:

- اپریل 2002 میں کوہاٹ (صوبہ سرحد) کی ایک عدالت نے ایک شادی شدہ عورت زعفران بی بی کو سنگسار تا مرگ کی سزا سنائی جسکا شوہر جیل میں سزا بھگت رہا تھا۔ زعفران بی بی نے اپنے دیور پر اُسکے ساتھ زنا بالجبر کرنے کا الزام لگایا تھا جس سے وہ حاملہ ہوگئی تھی۔ لیکن ایف آئی آر درج کراتے وقت اُسکے سُسر نے اپنے بیٹے کا نام نکال کسی دوسرے شخص کا نام ڈال دیا۔ بعد میں زعفران بی بی نے اصل مجرم کا نام دیکر تصحیح کرنے کی کوشش کی۔ تاہم عدالت نے مرد ملزم کو بے گناہ قرار دیتے ہوئے فیصلہ دیا کہ زعفران بی بی نے ''اپنے بیانات میں زنا کے ارتکاب کو تسلیم کیا ہے'' اور ''ایک ناجائز بچی کی موجودگی میں'' یہ اعتراف جرم کے مترادف ہے۔
- سنگساری کی سزا نے، جو ملکی تاریخ میں دوسری بار سنائی گئی (پہلی بار یہ سزا بیس سال پہلے سنائی گئی تھی اور بعد میں واپس لے لی گئی تھی) ملک میں ایک ہنگامہ برپا کر دیا اور حدود آرڈیننسز ایک بار پھر بحث مباحثے اور توجہ کا مرکز بن گئے۔ اسلام آباد میں ایک مظاہرے کے دوران جو سنگساری کی سزا کے خلاف احتجاج اور ان ظالمانہ قوانین کے خاتمے کیلئے کیا جا رہا تھا، پولیس نے شرکاء، پر جس میں مرد اور عورتیں دونوں شامل تھے، حملہ کیا اور انہیں تھانے میں بند کر دیا۔ اسطرح کا واقعہ بھی گذشتہ تقریباً بیس برسوں میں پیش نہیں آیا تھا۔
- تاہم، اس سارے معاملے کے خلاف ردِعمل نے وفاقی شرعی عدالت کو مجبور کر دیا کہ وہ عجلت میں اس معاملے پر غور کرے۔ زعفران بی بی کے شوہر نے جس کو جیل سے لایا گیا تھا یہ تسلیم کیا کہ یہ بچی اُسکی ہے اور اسکے بعد زعفران بی بی کو رہا کر دیا گیا (پی ایل ڈی 2002 - ایف ایس سی 1)
- اس کے فوراً بعد قومی کمیشن برائے خواتین نے قانونی ماہرین اور اسلامی علماء پر مشتمل ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دی تاکہ ان قوانین کا جائزہ لیا جائے اور یہ سفارشات دی جائیں کہ ان قوانین کو یکسر ختم کر دیا جائے یا ان میں ترمیم کی جائے۔
- بالآخر اگرچہ بہت تاخیر کے بعد، اسلامی نظریاتی کونسل نے بھی ان قوانین پر نظر ثانی کا عندیہ دیا، حالانکہ ان قوانین کے خلاف کئے جانے والے برسوں کے احتجاج کے باوجود بھی اُس نے کبھی اِن پر توجہ نہیں دی تھی۔




### اجتماعی زنا بالجبر کے حوالے سے:

- جون 2002 میں ایک تنازعے کا تصفیہ کرتے ہوئے میر والا (پنجاب) میں مستوئی قبیلے کے ایک گاؤں کی پنچائیت نے فیصلہ دیا کہ گجر برادری کی ایک عورت مختاراں مائی کے ساتھ اُسکے بھائی سے منسوب غلط کاری کے اقدام کے بدلے میں سزا کے طور پر زنا بالجبر کیا جائے۔ اس فیصلے کے نتیجے میں مختاراں مائی کے ساتھ چار مردوں نے دیہاتیوں کی ایک بڑی تعداد کے سامنے زنا بالجبر کیا۔ مقامی پولیس اس وقت تک کیس کے اندراج سے انکار کرتی رہی جب تک کہ ذرائع ابلاغ میں اِس واقعہ کی زبردست تشہیر کے بعد اُس پر دباؤ بڑھ نہیں گیا۔ اس دوران سپریم کورٹ نے از خود واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے تین ہفتوں کے اندر اندر اس مقدمے کو نمٹانے کا حکم جاری کیا۔ ملک بھر میں اس واقعہ پر گہری توجہ اور شدید اضطراب کے ماحول کے دوران انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالت جس نے اس مقدمے کی سماعت کی بالآخر زنا بالجبر کے چاروں ملزمان کو موت کی سزا سنائی۔ (کیس ایف آئی آر نمبر 405/2002 پی ایس جتوئی)

### وانی کی رسم سے متعلق:

- میانوالی، پنجاب میں قتل کے ایک مقدمے میں جس میں قاتلوں کو سزائے موت سنائی جا چکی تھی اور اُنکی اپیلیں مسترد ہو چکی تھیں، علاقے کے بزرگوں نے ایک راضی نامہ کروایا جسکے تحت قاتلوں نے معافی کے بدلے میں مقتولین کے خاندان کو اَسی لاکھ روپے دینے اور اپنی آٹھ لڑکیوں کی شادی انکے خاندان میں کردینے پر اتفاق کیا۔ اُن آٹھ لڑکیوں میں سے چار لڑکیوں کی عمر آٹھ سال سے بھی کم تھی۔ تاہم ذرائع ابلاغ میں فوری تشہیر کی وجہ سے گورنر پنجاب اور سپریم کورٹ نے معاملے میں مداخلت کرتے ہوئے اس سمجھوتے پر عملدرآمد رکوا دیا۔
- اس کے فوراً بعد نیشنل جوڈیشل پالیسی ساز ادارے نے وانی کی رسم کو (جسکے تحت تنازعات کے تصفیے کیلئے عورتوں کو دوسرے فریق کے سپرد کر دیا جاتا ہے) غیر اسلامی قرار دے دیا؛ اور سپریم کورٹ کے چیف جسٹس نے ہائی کورٹس کے چیف جسٹسز کو حکم دیا کہ وہ زیریں عدالتوں کو ہدایات جاری کریں کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آئندہ کسی مسئلے پر عورتوں کے لین دین کو کسی راضی نامے کا حصہ نہیں بنایا جائے گا۔

### 'غیرت' کے نام پر قتل کے حوالے سے:

- 2001 میں 'غیرت' کے نام پر قتل کے ایک مقدمے (پی ایل ڈی 2001ء ایس سی 96) میں سپریم کورٹ نے اعلان کیا کہ ''قانونی اور اخلاقی دونوں حوالوں سے نہ تو کسی شخص کو یہ حق حاصل ہے اور نہ کسی کو اجازت دی جاسکتی ہے کہ وہ قانون کو ہاتھ میں لیتے ہوئے 'غیرت' کے نام پر کسی کی جان لے۔ نہ ہی ملکی قانون اور نہ ہی مذہب نام نہاد 'غیرت' کے نام پر قتل کی اجازت دیتا ہے، اور یہ دانستہ قتل (قتلِ عمد) کے مترادف ہے۔ اس طرح کا ناحق اور گھٹیا اقدام بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے''۔
- 2002 میں 'غیرت' کے نام پر کئے گئے تہرے قتل کی سزائے موت کے خلاف اپیل پر، جبکہ فریقین کے درمیان راضی نامہ ہو چکا تھا، لاہور ہائی کورٹ نے ایک تاریخی فیصلہ دیا (پی ایل ڈی 2002 لاہور 444)۔ عدالت نے کہا کہ ''ایسے قتل میں مذہب یا غیرت کی کوئی بات نہیں بلکہ یہ بدترین مردانہ بڑائی اور صنفی تعصب ہے''۔ یہ کہتے ہوئے کہ ''اسطرح کے قتل منحرفانہ رویوں کی ترجمانی کرتے ہیں اور یہ قانون کی خلاف ورزی، مذہبی عقائد کی نفی اور معاشرے کی ہتک کے مترادف ہیں'' اور یہ کہ ''وہ معاشرہ جو اسطرح کی زیادتی کے مرتکب افراد کو موثر سزا نہیں دیتا، خود اس زیادتی میں فریق بن جاتا ہے''، عدالت نے راضی نامے کی بنیاد پر کی گئی اپیل کو مسترد کر دیا اور سزائے موت کو برقرار رکھا۔
- چونکہ حکومت اس سلسلے میں قانون کی اصلاح کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھا رہی تھی، سول سوسائٹی نے 2002 کے دوران ایک پیش رفت کا آغاز کیا جسکے تحت یہ کوشش کی گئی کہ تعزیرات پاکستان میں قصاص و دیت کی شقوں کا تفصیل سے جائزہ لیا جائے؛ قانون میں موجود اُن خامیوں کی نشاندہی کی جائے جنکی وجہ سے 'غیرت' کے نام پر قتل کرنے والے مجرم معمولی سزاؤں یا بغیر سزا کے بچ جاتے ہیں؛ اور اس سلسلے میں متبادل قانون سازی کا مسودہ تیار کیا جائے۔

خبرنامہ شمارہ نمبر 20 اور 21

جولائی - اگست 2003ء

# قانون سازی پر نظر

عورت پبلیکیشن
اینڈ انفارمیشن
سروس فاؤنڈیشن

## اداریہ

فوجی حکومت کے اقتدار کے تیسرے اور آخری سال کے دوران سیاسی اور انتخابات سے متعلقہ امور کو دیگر تمام امور پر فوقیت حاصل رہی۔ فوجی حکومت نے مستقبل کے سیاسی معاملات میں واضح طور پر ایک اہم حصہ دار کا کردار حاصل کرتے ہوئے اس عرصے کے دوران بالخصوص سال کی آخری ششماہی میں قوانین اور پالیسیوں کے ذریعے اپنی توجہ بنیادی طور پر اپنے سیاسی کنٹرول کو مستحکم کرنے پر مرکوز رکھی۔ اس مقصد کیلئے چیف ایگزیکٹو کو صدر کی حیثیت سے اقتدار میں طوالت دی گئی؛ ملک کے مستقبل کے سیاسی ڈھانچے میں فوج کے کلیدی کردار کو یقینی بنایا گیا؛ اور انتخابی معرکے میں پسندیدہ سیاسی جماعتوں کی کامیابی کو یقینی بنانے کیلئے حتیٰ المقدور کوششیں کی گئیں۔

نتیجتاً، اس عرصے کے دوران عورتوں کے قانونی حقوق کے امور پر کوئی نئی پیش رفت میں دیکھنے میں نہیں آئی۔ حکومت نے عورتوں سے متعلقہ کئی اہم مسائل مثلاً حدود آرڈیننسز اور 'غیرت' کے نام پر قتل وغیرہ پر 'خاموش رہنے' کی اپنی پالیسی جاری رکھی، اس حقیقت کے باوجود کہ اس عرصے کے دوران یہ مسائل عوامی سطح پر اہم امور کے طور پر سامنے آئے تھے۔ اس کے علاوہ کئی اہم امور پر پیش رفت کو، جن کا گذشتہ دو برسوں میں آغاز ہوا تھا ختم کر دیا گیا یا انہیں سرد خانے میں ڈال دیا گیا۔ بدقسمتی سے اس رویے کے نتیجے میں دیگر امور کے علاوہ مسلم عائلی قوانین میں اہم اصلاحات اور گھریلو تشدد کے خلاف ایک خصوصی قانون کی تیاری کا عمل متاثر ہوا۔

تاہم، کچھ ایسے معاملات جن پر گذشتہ کئی برسوں سے کام ہو رہا تھا ٹھوس اقدامات اٹھائے گئے اور اُنکے نتیجے میں عورتوں کی صورتِ حال پر براہ راست اور بالواسطہ مثبت اثرات مرتب ہوئے۔ ان میں سب سے اہم اقدم قانون ساز اداروں میں عورتوں کی مخصوص نشستوں کی بحالی اور انکی تعداد میں اضافہ تھا۔ اگرچہ عورتوں کی مخصوص نشستوں میں یہ اضافہ اس سلسلے میں عورتوں کی جانب سے کئے جانے والے مطالبے یا ماضی میں پیش کی گئی سرکاری سفارشات کے مطابق نہ تھا، پھر بھی یہ آگے کی جانب ایک اہم قدم تھا۔ اس کے علاوہ فیملی کورٹس کے ضابطوں میں بھی کچھ ترامیم کی گئیں، جنکا مقصد عورتوں کو سہولت فراہم کرنا تھا۔ عورتوں کے جلنے کے واقعات کو حل کرنے کیلئے فوجداری ضابطوں کے قانون میں بھی ترمیم کی گئی اور انسانی تجارت کو روکنے کیلئے ایک نیا قانون بنایا گیا۔

اس سال کے دوران کچھ دوسری سطحوں پر بھی بعض اہم اقدامات دیکھنے میں آئے۔ سول سوسائٹی تنظیموں نے حدود آرڈیننسز کے خلاف مہم کو نئے سرے سے متحرک کیا اور قومی کمیشن برائے خواتین نے ان قوانین کا جائزہ لینے کیلئے ایک خصوصی کمیٹی قائم کی۔ میڈیا نے عورتوں کے خلاف تشدد کے سنگین واقعات کو اُجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا اور عدلیہ نے نہ صرف یہ کہ بعض معاملات میں از خود مداخلت کی بلکہ 'غیرت' کے نام پر قتل کے سلسلے میں بعض انتہائی مثبت تاریخی فیصلے بھی سنائے۔

اب جبکہ مرکز میں ایک مخلوط حکومت قائم ہے اور کئی متنازعہ سیاسی امور ہنوز حل طلب ہیں، یہ بتانا مشکل ہے کہ آئندہ برسوں میں عورتوں کے قانونی حقوق کا مستقبل کیا ہوگا۔ ملک کی بیشتر سیاسی جماعتوں نے اپنے منشوروں میں عورتوں کے حقوق پر بڑی ٹھوس یقین دہانیاں کی ہیں۔ لیکن ہم ایک بار پھر، صرف یہ امید ہی کر سکتے ہیں کہ وہ اپنے وعدوں پر پورا اُتریں گئیں اور عورتوں سے متعلق ان اہم مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اُسی سنجیدگی اور توجہ سے لیا جائے گا جنکے وہ مستحق ہیں۔

## فوجی حکومت کے تیسرے سال میں عورتوں کے حقوق کے حوالے سے پیش رفت

### قانون سازی میں پیش رفت:

سیاسی نمائندگی: اس عرصے کے دوران سب سے مثبت اقدام (لیگل فریم ورک آرڈر 2002 کے ذریعے) قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں عورتوں کیلئے مخصوص نشستوں کی بحالی اور اُن میں اضافہ اور ملکی تاریخ میں پہلی بار سینٹ میں عورتوں کیلئے نشستیں مختص کرنا تھا۔ تاہم اِن مخصوص نشستوں کا تناسب (تقریباً 17%) عورتوں کے 33% سیاسی نمائندگی کے مطالبے سے بہت کم تھا؛ اور اِن نشستوں کو پُر کرنے کیلئے متناسب نمائندگی کی بنیاد پر جو بالواسطہ طریقہ انتخاب رکھا گیا وہ بھی مخصوص نشستوں پر براہِ راست انتخابات کے مطالبے کے بالکل برعکس تھا۔ ان دونوں مطالبات (33% مخصوص نشستیں اور براہِ راست انتخابات) کی 1997 میں انکوائری کمیشن برائے خواتین اور 2001 میں وزارت برائے ترقی خواتین کے زیرِ اہتمام ایک قومی مشاورت نے توثیق کی تھی۔

فیملی کورٹس (ترمیمی) آرڈیننس، **2002**، نے قانونی ضابطوں میں بہت سی تبدیلیاں کیں، جن میں سے زیادہ تر انکوائری کمیشن برائے خواتین کی 1997 کی رپورٹ میں دی گئی سفارشات کی بنیاد پر تھیں۔ یہ تبدیلیاں درج ذیل ہیں: عورتوں کو تنسیخ نکاح کے مقدمے میں تمام متعلقہ معاملات (مثلاً نان نفقہ، حق مہر، تحویل وغیرہ) ایک ہی دعویٰ میں شامل کرنے کی اجازت دینا، بجائے اسکے کہ وہ اسکے لئے بہت سے علیحدہ علیحدہ دعوے دائر کریں؛ عدالت کیلئے لازمی قرار دینا کہ وہ خلع کے مقدمات میں تنسیخِ نکاح کا حکم نامہ فوری طور پر جاری کرے اگر قبل از مقدمہ کے مرحلے میں سمجھوتے اور مصالحت کا امکان ختم ہو گیا ہو؛ مقدمات کے فیصلے کے لئے چھ ماہ کی حد مقرر کرنا؛ مقدمات کے دوران عبوری نان نفقہ کی سہولت فراہم کرنا؛ اور فیملی کورٹس کے دائرہِ اختیار میں توسیع کرنا کہ وہ بعض ایسے تعزیری جرائم کے مقدمات بھی سُن سکیں جن میں شوہر/ بیوی متاثرہ فریق ہو۔ مندرجہ بالا تبدیلیوں کے علاوہ انکوائری کمیشن برائے خواتین کی 1997 کی رپورٹ کی کئی سفارشات کو اس قانون کی نئی ترامیم میں شامل نہیں کیا گیا۔

انسانی تجارت کی رُوک تھام اور کنٹرول کا آرڈیننس، **2002**، ایک ایسا نیا قانون ہے جس کا عورتوں سے براہِ راست تعلق ہے۔ اسکے کئی مثبت پہلو ہیں۔ ماضی کے طور طریقوں کے برعکس جب انسانی خرید و فروخت کے شکار افراد کو ملزمان تصور کیا جاتا تھا، نئے قانون کے واضح مقاصد میں سے ایک مقصد متاثرہ افراد کا تحفظ اور انکی مدد کرنا ہے۔ یہ قانون انسانی تجارت میں ملوث منظم گروہوں کے کردار کو تسلیم کرتا ہے؛ عورتوں اور بچوں کی تجارت کرنے والوں کے خلاف سخت سزائیں تجویز کرتا ہے؛ ان جرائم کو نا قابلِ ضمانت نا قابلِ دست اندازی اور نا قابلِ راضی نامہ قرار دیتا ہے؛ متاثرہ افراد کو نقصان کا معاوضہ اور اخراجات کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ تنہا بچوں اور بے آسرا عورتوں کو جائے پناہ، خوارک اور طبی امداد فراہم کرنے کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔




ضابطہ فوجداری کا (ترمیمی) آرڈیننس، **2001**، مندرجہ ذیل اقدامات کی ضمانت فراہم کرتا ہے: آگ سے شدید طور پر جھلسنے کے معاملات کی مجسٹریٹ کو فوری اطلاع دینا؛ یہ یقین کر لینے کے بعد اب متاثرہ شخص کو کوئی خطرہ یا دباؤ لاحق نہیں ہے، میڈیکل افسر کی جانب سے متاثرہ شخص کے بیان کی فوری ریکارڈنگ؛ اور مجسٹریٹ کی جانب سے اس بیان کو ضروری اقدام کیلئے سیشن جج اور ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس تک پہنچانا؛ اگر متاثرہ شخص کی بعد ازاں موت واقع ہو جاتی ہے تو میڈیکل افسر کے سامنے دیئے گئے اُسکے بیان کو مرنے والے شخص کا آخری بیان تسلیم کرنا۔ اگرچہ ان ترامیم میں عورتوں کا خاص طور پر حوالہ نہیں دیا گیا ہے، یہ واضح طور پر نظر آتا ہے کہ انکی بنیاد 1991 میں لاہور ہائی کورٹ کے ایک فیصلے پر رکھی گئی ہے، جس میں عدالت نے چولہا پھٹنے سے عورتوں کے مرنے کے بڑھتے ہوئے واقعات کا از خود نوٹس لیا تھا۔ تاہم حالیہ ترمیم میں لاہور ہائی کورٹ کے مذکورہ بالا فیصلے کی بہت سی ہدایات کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

مختلف اداروں میں عورتوں کی کچھ نمائندگی، ناکافی ہونے کے باوجود، بعض آرڈیننسز کے ذریعے فراہم کی گئی ہے، مثلاً نیشنل ٹریننگ (ترمیمی) آرڈیننس، 2002، نیشنل بورڈ پر ایک خاتون نمائندہ مالکان کی جانب سے ایک خاتون نمائندہ کارکنوں کی جانب سے مقرر کرنے کے لئے کہتا ہے؛ ہائر ایجوکیشن کمیشن آرڈیننس، 2002، میں کہا گیا ہے کہ کمیشن پر تعیناتی کیلئے اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں کام کا پس منظر رکھنے والے اراکین میں سے کم از کم ایک رکن لازماً خاتون ہونی چاہیے؛ اور لاء کمیشن (ترمیمی) آرڈیننس، 2002، کے ذریعے قومی کمیشن برائے خواتین کی چیئر پرسن کو لاء اینڈ جسٹس کمیشن کا رکن بنایا گیا ہے۔